نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی سینئر نیچرل ریسورسز سپشلسٹ نوریکو ساٹو (Noriko Sato) کی وفد کے ہمراہ زراعت ہاؤس لاہور میں ملاقات

پنجاب میں ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے پائیدار زرعی ترقی کے منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو جدید مشینری فراہم کی جائے گی۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور: 02اپریل 2024( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی سینئر ریسورسز سپشلسٹ نوریکو ساٹو (Noriko Sato) نے وفد کے ہمراہ زراعت ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ملاقات کے دوران صوبہ پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے منصوبہ سے متعلق اہم فیصلے کئے گئے ۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ منصوبے میں تجویز کردہ تمام مداخلات (Interventions) نہایت اہمیت کی حامل ہیں ۔منصوبے کے تحت 70 فیصد سے زائد کی فنڈنگ فارم میکانائزیشن پر ہوگی ۔چھوٹے کاشتکار صرف سروس پرووائیڈرز کے ذریعے جدید فارم مشینری سے استفادہ کر سکتے ہیں ۔اس منصوبہ کے تحت ورکشاپس منعقد کی جائیں گی جہاں ماہرین مشینوں کی درآمد،خرید،معیار اور کارکردگی کے بارے تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لیں گے ۔ملاقات کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب نے منصوبہ کی ٹائم لائن اور ڈاکومنٹ کی تیاری کم سے کم دورانیہ میں مکمل کرنے کی ہدایات کیں تاکہ اس پر جلد کام شروع ہو سکے ۔اس موقع پر ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی سینئر ریسورس سپشلسٹ نوریکو ساٹو نے کہا کہ پائیدار زراعت کیلئے جاپانی حکومت پنجاب حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی ۔100 ملین ڈالر کی خطیر رقم سے 2025ء کے دوران پنجاب میں پائیدار زراعت کے تحت کاشتکاروں کو سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔انھوں نے مزید بتایا کہ میکانائزیشن کیلئے کلائمیٹ سمارٹ زرعی مشینری کی تقسیم سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کی جائے گی ۔مشینری کی جانچ پڑتال کیلئے سینٹرز قائم کئے جائیں گے ۔جدید مشینری کے استعمال سے زیادہ تر چھوٹے کاشتکار استفادہ حاصل کرسکیں گے ۔ملاقات کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنیئر احمد سہیل، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں ودیگر افسران بھی شریک تھے ۔

☆☆☆☆